21009 ـ جماعت سے کوئی رکعت پیچھے رہ جانے والے شخص کی امامت میں نماز ادا کرنا

سوال

جو شخص دیر سے آکر جماعت میں ملے اور ایك یا دو رکعت امام کے ساتھ ادا نہ کر سکے پھر امام کے سلام پھیرنے کے بعد اپنی نماز مکمل کر رہا ہو تو کیا بعد میں آنے والا شخص اس کی امامت میں نماز ادا کرسکتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جی ہاں بعد میں آنے والا شخص اور جس کی نماز رہ گئی ہو وہ پہلے امام کے ساتھ ملنے والے شخص کی فوت شدہ رکعات میں مل کر اس کی امامت میں نماز ادا کر سکتا ہے، اس کے لیےامام کو امامت کی نیت کرنا لازم نہیں.

واللہ اعلم .